© rasailojaraid.com





# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

**تقسیم انعامات کی تقریب** دسمبر ۸۴ء۔ سہ ماہی امتحانات کے نتائج میں اچھے نمبرات پر کامیاب ہونے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی غرض سے دارالحدیث میں تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں طلبہ کے علاوہ دارالعلوم کے تمام مشائخ اور اساتذہ شریک ہوئے۔ تلاوت کلام پاک کے بعد حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ نے حاضرین سے مختصر خطاب فرمایا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ

حالیہ امتحانات میں اعلیٰ نمبرات پر کامیاب ہونے والے طلبہ کو خدا کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ مزید محنت اور لگن سے مطالعہ و تکرار اور حصولِ تعلیم میں لگے رہنا چاہئے۔ اور جو طلبہ مطلوبہ معیار حاصل نہ کر سکے انہیں بھی آج سے یہ مصمم ارادہ کر لینا چاہئے کہ آئندہ محنت اور مطالعہ و تکرار میں وہ کسی سے بھی پیچھے نہیں رہیں گے۔

مولانا عبدالقیوم حقانی نے دفتر وفاق سے موصول ہونے والے بورڈ کے تحت سالانہ امتحانات سے متعلق اہم اعلانات سنائے اور پھر درجات کے لحاظ سے ہر کتاب میں اعلیٰ نمبرات پر کامیاب ہونے والے طلبہ کے نام لے کر نتائج سناتے رہے۔ نام لئے جانے والے طلبہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے پاس حاضر ہوتے اور حضرت مدظلہ خود اپنے دستِ مبارک سے انہیں انعامات عنایت فرماتے رہے۔

شیخ الحدیث مدظلہ نے دورہ حدیث کے اول دوم سوم کی پوزیشن حاصل کرنے والے چار طلبہ کو اہم دینی کتب کے علاوہ معارف السنن کے سیٹ بھی عنایت فرمائے۔ اور باقی درجات میں بھی ہر کتاب میں اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے والوں کو اہم دینی کتابیں عطا فرمائیں۔

چونکہ طلبہ کی کامیابی اور بہترین کارکردگی کا اصل مدار حضرات اساتذہ، ان کی نگرانی، تربیت اور محنت ہوتی ہے۔ اس لئے شیخ الحدیث مدظلہ نے آخر پر حضرات اساتذہ کرام کو بھی شروح حدیث کی اہم دینی کتب عنایت فرمائیں۔ حضرت مدظلہ کی طویل دعا پر یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی +

© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com